ماڈل پیپر مطالعہ پاکستان - نہم

نوٹ: سیکشن-الف کے تمام سوالات حل کرنے کے لیے MCQs Response Sheet پر درست جواب والا دائرہ پُر کریں۔
MCQs کی حل شدہ جوابی شیٹ مقررہ وقت میں سپرنٹنڈنٹ کے حوالے کرنا لازمی ہے۔

سیکشن-الف

وقت: 15 منٹ　　　　نمبر: 10

سوال نمبر1: ہر جزو کے چار ممکنہ جوابات ہیں۔ درست جواب پر دائرہ لگائیں۔

1. نظریہ پاکستان کی بنیاد ہے:
الف) وطن پرستی　ب) جمہوریت　ج) کلمۂ توحید　د) نسل پرستی

2. ہندوستان میں دو قومی نظریے کا تصور سب سے پہلے پیش کیا:
الف) قائداعظمؒ　ب) علامہ محمد اقبالؒ　ج) لیاقت علی خان　د) سرسید احمد خان

3. تحریک خلافت کے دوران ہندوؤں اور مسلمانوں کے درمیان فاصلے بڑھنے کی ایک اہم وجہ تھی:
الف) موپلا قبائل کی بغاوت　ب) انگریزوں کا دباؤ　ج) تحریک علی گڑھ　د) تحریک عدم تشدد

4. کرپس مشن کی تجاویز کے مطابق ہندوستان کے نئے آئین کی حکومت طرز پر ہوگی:
الف) وحدانی　ب) وفاقی　ج) پارلیمانی　د) صدارتی

5. شوالک کا پہاڑی سلسلہ حصّہ ہے:
الف) ہندوکش کا　ب) قراقرم کا　ج) کوہ سلیمان کا　د) کوہ ہمالیہ کا

6. اختلافات کے باعث 1920ء میں کانگریس سے مستعفی ہونے والا سیاسی رہنما ہے:
الف) گاندھی　ب) سردار پٹیل　ج) ابوالکلام آزاد　د) محمد علی جناحؒ

7. پاکستان میں سمندری ہواؤں کے زیر اثر علاقے واقع ہیں:
الف) شمال میں　ب) جنوب میں　ج) مشرق میں　د) مغرب میں

8. 1947ء میں اثاثہ جات کی تقسیم کے وقت پاکستان کو 75 کروڑ روپے میں سے صرف ملے:
الف) 20 کروڑ　ب) 25 کروڑ　ج) 30 کروڑ　د) 15 کروڑ

9. 1970ء میں یحییٰ خان نے ایک آئینی فارمولا جاری کیا جسے کہا جاتا ہے:
الف) صدارتی آرڈیننس　ب) لیگل فریم ورک آرڈر　ج) مارشل لا　د) آئینی ترامیم

10. 1958ء میں مارشل لا نافذ کیا:
الف) صدر ایوب خان نے　ب) غلام محمد نے　ج) صدر سکندر مرزا نے　د) لیاقت علی خان نے

مطالعہ پاکستان

حصہ دواورسوم کے لیے — کل وقت: 1 گھنٹہ 45 منٹ

حصہ دوم

کل نمبر: 24

2. درج ذیل میں سے کوئی سے آٹھ سوالات کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ تمام سوالات کے نمبر برابر ہیں۔

i. نظریہ جن قومی مقاصد کے حصول میں معاون ثابت ہوتا ہے ان میں سے کوئی سے تین مقاصد تحریر کریں۔

ii. تین اہم وجوہات بیان کریں جن کی بنا پر کانگریس کا مسلم لیگ کو وزارت خزانہ دینا ایک غلط فیصلہ لگا۔

iii. ہندوستان کے سیاسی مسئلے کے حل کے لیے کرپس مشن کی پیش کی ہوئی تین اہم تجاویز بیان کریں۔

iv. کابینہ مشن پلان 1946ء کی تین اہم تجاویز تحریر کریں۔

v. ہندوستان پر قبضے کے بعد انگریزوں کے معاشی نظام کے تین غیر منصفانہ فیصلے تحریر کریں۔

vi. کسی علاقے کی آب و ہوا کے انحصار کے تین عوامل تحریر کریں۔

vii. نقشے کو دیکھتے ہوئے دریائے سندھ کے تین مشرقی معاون دریاؤں کے نام تحریر کریں۔

viii. پاکستان کے ساحلی خطہ کی تین خصوصیات تحریر کریں۔

ix. 1960ء کے سندھ طاس معاہدہ کے تحت پاکستان کے حصے میں کون سے تین دریا آئے؟

x. جنرل محمد ایوب خان کے دورِ حکومت کے مسلم فیملی لاء آرڈیننس کے تین اہم نکات تحریر کریں۔

xi. 1857ء کی جنگ آزادی میں انگریزوں کی کامیابی کی تین اہم وجوہات تحریر کریں۔

حصہ سوم

کل نمبر: 16

درج ذیل میں سے کوئی سے دو سوالات کے تفصیلی جوابات تحریر کریں۔ تمام سوالات کے نمبر برابر ہیں۔

3. 3 جون 1947ء کے منصوبہ کے مندرجات بیان کریں نیز ریڈکلف نے پنجاب اور بنگال کی تقسیم کیسے کی؟

4. قدرتی نباتات سے کیا مراد ہے؟ نیز پاکستان میں پائے جانے والے چھ اقسام کے جنگلات تفصیل سے بیان کریں۔

5. مشرقی پاکستان کی علیحدگی کب ہوئی نیز اس کی علیحدگی کے اسباب تفصیل سے بیان کریں۔